# 10352 - بے ہوش شخص اور نماز ترک کرنے والے کی نماز

**سوال**

میرے والد کا ایکسیڈنٹ ہوا اور انہیں ٹانگ میں فریکچر ہونے کی بنا پر ہاسپٹل جانا پڑا اور وہ ہاسپٹل میں سترہ دن رہے، جب انہیں ہوش آئی تو انہوں نے سوال کیا اور نمازیں قضاء کرنا چاہیں، ہمیں اس کے متعلق معلومات فراہم کریں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر نمازیں ترک کرنے کی مدت کے دوران اس کے ہوش و حواس قائم تھے تو ہ حسب استطاعت بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر یا پہلو کے بل لیٹ کر نماز ترتیب اور نیت اور عمل کے ساتھ نمازیں قضاء کر کے ادا کرینگے، چنانچہ پہلے وہ پہلے دن کی نمازیں ترتیب کے ساتھ ادا کریں، جو انہوں نے ترک کی تھیں اور پھر بعد والی نمازیں.

پھر اسی طرح دوسرے اور تیسرے دن کی نمازیں حتی کہ ساری نمازیں مکمل کریں.

لیکن اگر ان کے ہوش و حواس قائم نہ تھے تو پھر ان پر کوئی قضاء نہیں ہو گی.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

واللہ اعلم .